SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

END-OF-YEAR ASSESSMENT

SUBJECT: SCIENCE

GRADE-7

FINAL TERM

[Paper A: 48 Marks, Paper B: 52 Marks, Total: 100 Marks], Time = 3 hours

School Name: ____________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: فوٹو سنتھی سز کے دوران، مندرجہ ذیل میں سے کون سی گیس پیدا ہوتی ہے؟

(a) کاربن ڈائی آکسائڈ (b) آکسیجن (c) نائٹروجن (d) ہائڈروجن

سوال نمبر 2: جڑ کی حفاظتی تہہ ہے:

(a) پیری سائیکل (b) اپی ڈرمس (c) کورٹیکس (d) اینڈوڈرمس

سوال نمبر 3: پودوں میں خوراک کی نقل و حمل کہلاتی ہے:

(a) ٹرانسپائریشن (b) ریسپائریشن (c) ٹرانسلوکیشن (d) ایویپوریشن

سوال نمبر 4: ٹرانسپائریشن کی شرح ________ دن پر زیادہ ہونے کا امکان ہے۔

(a) ٹھنڈے اور نم دار (b) گرم اور تیز ہوا والے

(c) بارش اور ابر آلود (d) پُر سکون اور دھندلے

سوال نمبر 5: سرکولیٹری سسٹم کا کون سا حصہ آکسیجن والے خون کو جسم تک پہنچانے کا ذمہ دار ہے؟

(a) آرٹریولز (b) وینز (c) کیپلریز (d) آرٹریز

سوال نمبر 6: مندرجہ ذیل میں سے کون سا عمل ہمیں اپنے جسم میں آکسیجن لے جانے میں مدد کرتا ہے؟

(a) ریسپائریشن (b) ٹرانسپائریشن (c) ڈائجشن (d) سرکولیشن

سوال نمبر 7: دل ایک پتلی، شفاف دو پرتوں والی جھلی سے گھرا ہوا ہے، جسے کہا جاتا ہے:

(a) پیری کارڈیم (b) ایٹریا (c) وینٹریکل (d) اے اورٹا

سوال نمبر 8: کون سی خون کی ویسلز کی دیواریں پتلی ہوتی ہیں اور بلڈ پریشر کم ہوتا ہے؟

(a) آرٹریز (b) وینز (c) آرٹریولز (d) اے اورٹا

سوال نمبر 9: وائرس کیپسڈ کس کا بنا ہوتا ہے؟

(a) پروٹین (b) لپڈز (c) نیوکلیک ایسڈ (d) کاربوہائیڈریٹس

سوال نمبر 10: امیون سسٹم میں تھائمس کا مخصوص کردار کیا ہے؟

(a) B لمفوسائٹس کی نشوونما کرتا ہے (b) T لمفوسائٹس کی نشوونما کرتا ہے

(c) خون کو فلٹر کرتا ہے (d) ریڈ بلڈ سیلز پیدا کرتا ہے

سوال نمبر 11: پھل اور سبزیاں کھانے سے پہلے دھونا کیوں ضروری ہیں؟

(a) میٹھا بنانے کے لیے (b) ذائقے دار بنانے کے لیے

(c) انفیکشن سے بچاؤ کے لیے (d) غذائیت بڑھانے کے لیے

سوال نمبر 12: زخموں پر پٹی کرنے سے مدد ملتی ہے:

(a) سوزش کم کرنے میں (b) خارش کم کرنے میں

(c) انفیکشن سے بچاؤ میں (d) خون کے بہاؤ میں اضافے میں

سوال نمبر 13: دی گئی تصویر میں لیبل شدہ حصہ "X" ظاہر کرتا ہے:



(a) الیکٹران

(b) پروٹان

(c) نیوٹرون

(d) نیوکلیئس

سوال نمبر 14: ایک شیل میں الیکٹرانز کی زیادہ سے زیادہ تعداد کا حساب کس فارمولا کی مدد سے لگایا جاتا ہے؟

(a) $2n$ (b) $2n^2$ (c) n^3 (d) n^4

سوال نمبر 15: میٹریل کی کون سی طبعی خصوصیت کا استعمال کر کے پیٹرولیم پراڈکٹس کو حاصل کیا جاتا ہے؟

(a) میلٹنگ پوائنٹ (b) فریزنگ پوائنٹ

(c) بوائلنگ پوائنٹ (d) سالوبیلیٹی

سوال نمبر 16: سلور، کاپر، اور ایلومینیم میٹلز کی مندرجہ ذیل میں کس کے ساتھ کیمیکل ری ایکشن کے نتیجے میں ٹارنشنگ ہوگی؟

(a) ہائڈروجن (b) آکسیجن (c) کاربن (d) نائٹروجن

سوال نمبر 17: تصویر میں کون سا کیمیائی بانڈ دکھایا گیا ہے؟



(a) آئیونک بانڈ

(b) سنگل کوویلنٹ بانڈ

(c) ڈبل کوویلنٹ بانڈ

(d) ٹرپل کوویلنٹ بانڈ

سوال نمبر 18: اگر سوڈیم (Na) کی ویلنسی 1+ اور کلورین (Cl) کی ویلنسی 1- ہو تو سوڈیم کلورائڈ کا کیمیائی فارمولا کیا ہوگا؟

(a) $NaCl$ (b) Na_2Cl (c) $NaCl_2$ (d) $NaCl_3$

سوال نمبر 19: اگر آپ 1 گرام چینی کو 500 کیوبک سینٹی میٹر پانی میں حل کریں تو بننے والا سلوشن کہلاتا ہے:

(a) کنسنٹریٹڈ (b) سیچوریٹڈ (c) سپر سیچوریٹڈ (d) ڈائلیوٹ

سوال نمبر 20: ایسا سلوشن جس میں سولیوٹ کی مقدار سالوینٹ کے مقابلے میں کم ہو، ____ کہلاتا ہے۔

(a) کنسنٹریٹڈ سلوشن (b) ڈائلیوٹ سلوشن

(c) سیچوریٹڈ سلوشن (d) ان سیچوریٹڈ سلوشن

سوال نمبر21: مندرجہ ذیل میں سے کونٹیکٹ فورس کی مثال ہے:

(a) مکینیکل فورس (b) کیمیکل فورس (c) گریوی ٹیشنل فورس (d) الیکٹروسٹیٹک فورس

سوال نمبر22: اگر آپ ایک گیند کو چھت سے نیچے گراتے ہیں تو مندرجہ ذیل میں سے کس فورس کی وجہ سے یہ زمین پر گرتی ہے؟

(a) فرکشن (b) میگنیٹک (c) گریویٹی (d) ہوا کی مزاحمت

سوال نمبر23: دو متواتر کرسٹس اور ٹرفز کے درمیان فاصلے کو کہتے ہیں:

(a) ویولینگتھ (b) فریکوئنسی (c) ٹائم پیریڈ (d) ایمپلی ٹیوڈ

سوال نمبر24: لونگیٹوڈنل ویوز ٹرانسورس ویوز سے مختلف ہوتی ہیں کیونکہ پارٹیکلز کی حرکت ویو کی حرکت کی سمت کے ______ ہوتی ہے۔

(a) متوازی (b) عموداً (c) دائروی (d) بے ترتیب

سوال نمبر25: آواز کی پچ کا انحصار بنیادی طور پر ______ پر ہوتا ہے۔

(a) ایمپلی ٹیوڈ (b) ویولینگتھ (c) ویو کی سپیڈ (d) فریکوئنسی

سوال نمبر26: جب کسی چیز کو گرم کیا جاتا ہے تو اس کی تھرمل انرجی:

(a) بڑھتی ہے (b) کم ہو جاتی ہے (c) ایک جیسی رہتی ہے (d) صفر ہو جاتی ہے

سوال نمبر27: مادے میں پھیلاؤ کی حد کس چیز پر منحصر ہوتی ہے؟

(a) مادہ کی نوعیت (b) درجہ حرارت میں تبدیلی

(c) پریشر میں تبدیلی (d) والیوم میں تبدیلی

سوال نمبر28: مندرجہ ذیل میں سے کون سا میٹیریل حرارت کا ناقص کنڈکٹر ہے؟

(a) آئرن (b) لکڑی (c) کاپر (d) سلور

سوال نمبر29: کس شے کو محفوظ کرنے کے لیے اس میں نمی کو ختم کیا جاتا ہے؟

(a) سیب کا جام (b) مالٹے کا جوس (c) برگر (d) اچار

سوال نمبر30: ڈرپ ایریگیشن سسٹم میں پانی براہ راست پودوں کی/کے ______ تک پہنچایا جاتا ہے۔

(a) شاخوں (b) پتوں (c) جڑوں (d) بیجوں

سوال نمبر31: چاند کو زمین کے گرد اپنے آربٹ میں رکھنے والی فورس ہے:

(a) میگنیٹزم (b) فرکشن (c) گریویٹی (d) الیکٹروسٹیٹک

سوال نمبر32: زمین کو سورج کے گرد اپنا ایک چکر مکمل کرنے میں کتنے دن لگتے ہیں؟

(a) 365دن (b) 465دن (c) 565دن (d) 665دن

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) ٹرانسپائریشن کی تعریف کریں۔(2)

ii) پودوں میں زائیلم اور فلوئم کے کردار کی وضاحت کریں۔(4)

iii) ٹرانسپائریشن کی اہمیت بیان کریں۔(4)

سوال نمبر34

i) ریسپائریشن کی تعریف کریں۔(2)

ii) ریسپائریشن کی اقسام کی وضاحت کریں۔(4)

iii) ریسپائریشن اور سانس لینے کے عمل میں کوئی سے دو فرق لکھیں۔(2+2=4)

سوال نمبر35

i) پیریاڈک ٹیبل میں ایلیمنٹس کو گروپس اور پیریڈز میں کیسے ترتیب دیا جاتا ہے؟(3)

ii) پہلے پانچ پیریڈ میں اٹامک نمبرز کی رینج لکھیں۔(5)

iii) K، L، M اور N شیل میں الیکٹرونز کی تعداد لکھیں۔(4)

سوال نمبر36

i) فورس کے کوئی سے تین اثرات تحریر کریں۔(3)

ii) ایک کار 200 میٹر کا فاصلہ 10 سیکنڈز میں طے کرتی ہے۔ اس کی یونیفارم سپیڈ معلوم کریں۔(3)

iii) فرکشنل فورس کی تعریف کریں اور اس کی دو مثالیں دیں۔(4)

سوال نمبر37

i) زمین کے گرد چاند کی گردش کے لیے کس قسم کی فورس ذمہ دار ہے؟(2)

ii) سال کے کچھ حصوں میں کانسٹیلیشن کیوں ظاہر ہوتی ہیں؟(4)

iii) زمین پر موسموں میں تبدیلی کی کیا وجہ ہے؟(4)